پروینؔ شاکر

(1994 – 1952)

پروینؔ شاکر اردو کی مشہور شاعرہ ہیں۔ اُن کی ولادت کراچی میں ہوئی۔ انھوں نے انگریزی میں ایم۔اے۔کر کے لسانیات اور بینک ایڈمنسٹریشن میں بھی ایم۔اے۔ کیا۔ نوسال تک تدریس کے فرائض انجام دینے کے بعد پاکستان سول سروس جوائن کر کے کسٹم ڈپارٹمنٹ میں اعلیٰ عہدے پر فائز رہیں۔

ان کے کلام کا پہلا مجموعہ ''خوشبو'' 1976ء میں منظر عام پر آیا۔اس کے بعد 1980ء میں ''صد برگ''، 1990ء میں ''خودکلامی'' اور ''افکار'' شائع ہوئے۔ 1996ء میں ''ماہِ تمام'' کے نام سے اُن کا کلّیات شائع ہوا ہے۔

1990ء میں انھیں پاکستان کے اعلیٰ ترین اعزاز ''نشانِ امتیاز'' سے نوازا گیا۔پروینؔ شاکر کی شاعری نسوانی احساسات، کیفیات اور جذبات کی عکّاسی کرتی ہے۔

© NCERT not to be republished